روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
# الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
جمعہ 8 مارچ 2013ء 25 ربیع الثانی 1434 ہجری 8 امان 1392 ہش جلد 63-98 نمبر 55

## انسانی پیدائش کی غرض

خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

اور میں نے جن و انس کو پیدا نہیں کیا مگر اس غرض سے کہ وہ میری عبادت کریں۔ (سورۃ الذاریات:57)

تو کہہ دے کہ میری عبادت اور میری قربانیاں اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ (انعام:163)

## اخلاق عالیہ صحابہ کرامؓ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں:۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں کو دیکھا تو محمد ﷺ کو منتخب فرمایا۔ پس آپ کو اپنی رسالت سے سرفراز فرمایا یہ انتخاب اللہ نے اپنے علم کی بنا پر کیا۔ آپ کے انتخاب کے بعد پھر لوگوں پر نگاہ ڈالی تو بہترین عباد کو صحابہ کے طور پر انتخاب فرمایا اور ان کو رسول خدا ﷺ کے دین کے انصار اور اپنے نبی کے وزراء بنا دیا۔ (کنزالعمال جلد 6 ص 318)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک صحابی کو ایک لشکر پر سردار بنا کر بھیجا۔ وہ صحابی اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھاتے تو اپنی قراءت کو سورۃ اخلاص پر ختم کرتے۔ جب وہ لوگ واپس لوٹے تو رسول اللہ ﷺ کے پاس اس بات کا ذکر ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اس سے دریافت کرو کہ وہ ایسا کیوں کرتا ہے۔ صحابہؓ نے ان سے دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا (میں اس لئے قل هو الله احد کے ساتھ ختم کرتا ہوں) کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی صفت (احد) کا ذکر ہے اور میں اس کے پڑھنے کو محبوب رکھتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کو بتا دو کہ اللہ تعالیٰ بھی اس کو محبوب جانتا ہے۔ (ترمذی کتاب فضائل القرآن باب فی سورۃ الاخلاص)

جب حضرت نبی کریم ﷺ کی وفات ہوئی تو صحابہ کرامؓ پر غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ ان کے دلوں کو یقین نہیں آتا تھا کہ ان کا محبوب آقا جدا ہو گیا ہے۔ حضرت عمرؓ تلوار لے کر لہرانے لگ گئے کہ جو کہے گا رسول ؐ اللہ وفات پا گئے ہیں۔ میں اس کا سر قلم کر دوں گا۔

سیدنا حضرت ابوبکرؓ تشریف لائے۔ رسول ؐ اللہ کے چہرہ مبارک سے کپڑا اٹھایا اور کہا انا للہ......اور مبارک پیشانی پر بوسہ دینے کے بعد بے اختیار منہ سے یہ الفاظ نکلے۔ ہائے دوست رخصت ہو گیا۔ پھر سر جھکایا اور دوبارہ پیشانی کو بوسہ دے کر چہرہ مبارک ڈھانک دیا اور کہا آپ کی زندگی کیا اچھی تھی اور موت بھی کیا اچھی ہے۔ آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے اور کہا۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان۔ اللہ کی قسم اللہ آپ پر دو موتیں جمع نہیں کرے گا۔ وہ موت جو مقدر تھی ہو گئی۔ لیکن آپ کے مشن پر موت کبھی وارد نہیں ہو گی۔

اس کے بعد باہر تشریف لائے جہاں حضرت عمرؓ تلوار لہرا رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ جو رسول ؐ اللہ کی وفات کا اعلان کرے گا اس کا سر تن سے جدا کر دوں گا۔ آپ نے بڑی جرأت و بہادری سے حضرت عمرؓ کو مخاطب ہو کر فرمایا۔ علیٰ رسلك اے عمر ٹھہر جاؤ۔ پھر صحابہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

جو شخص محمد ﷺ کی عبادت کرتا تھا وہ سن لے کہ محمدؐ فوت ہو چکے اور جو اللہ کی عبادت کرتا تھا وہ جان لے کہ خدا زندہ ہے وہ کبھی نہیں مرے گا۔ اللہ نے فرمایا ہے وما محمد...... (بخاری کتاب المغازی باب مرض النبی ووفاتہٖ)

## قرض امانت کی ایک قسم

حضرت مصلح موعود نے فرمایا۔

’’اللہ تعالیٰ کے نزدیک قرض بھی ایک امانت ہی کی قسم ہے۔ کیا صرف اس وجہ سے کہ اس کے استعمال کی تم کو اجازت دی جاتی ہے اور تم پر احسان کیا جاتا ہے۔ تم اس کی ادائیگی میں سستی کرتے ہو آخر امانت اور قرض میں کیا فرق ہے؟ یہی کہ امانت ایسی حالت میں رکھوائی جاتی ہے جبکہ امین کو ضرورت نہیں ہوتی اور قرض اس وقت دیا جاتا ہے جبکہ اسے ضرورت ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں قرض لینے والے پر دوسرے کا احسان ہوتا ہے اور اس کا فرض ہوتا ہے کہ وہ وقت پر خندہ پیشانی سے قرض ادا کر دے۔‘‘

(تفسیر کبیر جلد 2 صفحہ 648)

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2012ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

## نمایاں کامیابی

مکرم خواجہ مظفر احمد نجم صاحب شالیمار ٹی وی سنٹر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی بیٹی مکرمہ حافظہ بریرہ بدر صاحبہ واقف نو نے بی ایس سی آنرز شعبہ سائیکالوجی میں سرگودھا یونیورسٹی میں بفضل خدا سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ عزیزہ کی سکورنگ پوزیشن CGPA 3.77/4.00 تھی۔ مورخہ 20 فروری 2013ء کو سرگودھا یونیورسٹی میں بتقریب تقسیم انعامات وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی نے مکرمہ بریرہ بدر صاحبہ کو سلور میڈل اور 20 ہزار روپے نقد انعام دیا۔ موصوفہ مکرم خواجہ خورشید احمد صاحب سیالکوٹی واقف زندگی مرحوم کی پوتی اور حضرت میاں نور محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے ہے۔ احباب جماعت سے موصوفہ کی مزید کامیابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

مشعل راہ

# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے 5 خطرناک مواقع اور خدائی حفاظت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
ترجمہ: اور اللہ تجھے لوگوں (کے حملوں) سے محفوظ رکھے گا۔ (المائدہ:68)

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
یاد رہے کہ پانچ موقعے آنحضرت ﷺ کے لئے نہایت نازک پیش آئے تھے جن میں جان کا بچنا محالات سے معلوم ہوتا تھا اگر آنجناب درحقیقت خدا کے سچے رسول نہ ہوتے تو ضرور ہلاک کئے جاتے۔

(روحانی خزائن جلد23 صفحہ 263 حاشیہ)

## پہلا موقع

پہلا موقع وہ ہے کہ جب ’’آنحضرت ﷺ ابھی مکہ میں ہی تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہجرت کے متعلق اجازت کے منتظر تھے۔ مکہ والوں نے دیکھا کہ یہ موقع بہت اچھا ہے، مسلمان سب جا چکے ہیں اور محمد ﷺ اب گویا اکیلے تن تنہا ہیں۔ اس لئے اس کے متعلق کوئی ایسی تدبیر ہو کہ بس اس کا خاتمہ ہی ہو جائے‘‘۔

(سیرت خاتم النبیّین از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے صفحہ 236)

اس موقع پر ابو جہل نے کہا میری رائے یہ ہے کہ ہر قبیلہ میں سے ایک جوان مرد، نو عمر، قوی، شریف النسب لے لیں۔ ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں ایک تلوار دے دیں یہ سب آپ ﷺ کے پاس پہنچیں۔ تلواروں سے اس طرح ایک ساتھ ماریں گویا ایک ہی شخص کا وار ہے اور (اس طرح) اسے (نعوذ باللہ) قتل کر دیں۔ کیونکہ اس طرح اس کا خون تمام قبیلوں پر بٹ جائے گا۔...... اس کے بعد سب لوگ اسی پر اتفاق کر کے ادھر ادھر چلے گئے۔

(سیرت النبیؐ از ابن ہشام مترجم مولانا عبدالجلیل صدیقی حصہ اول صفحہ 493)

اِدھر یہ لوگ مشورہ کر کے نکلے کہ آنحضرت ﷺ کے خون سے اپنے پلید ہاتھ رنگیں اور اُدھر اللہ تعالیٰ نے جبرائیلؑ کے ذریعہ سے اپنے نبی کو ان کے بد ارادہ سے اطلاع دے دی اور اجازت عطا فرمائی کہ یثرب کی طرف ہجرت کر جائیں اور آنے والی رات مکہ میں نہ گزاریں۔ یہ اطلاع پا کر آنحضرت ﷺ گھر سے نکلے... اور حضرت ابوبکرؓ سے اِسی رات مکہ سے نکل جانے اور غار ثور میں پناہ لینے کی قرارداد کر کے اپنے گھر واپس تشریف لے آئے۔

(سیرت خاتم النبیّین از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے صفحہ 236)

جب رات کا اندھیرا ہوا تو قریش کے منتخب جوان آپؐ کے دروازے پر جمع ہو گئے اور انتظار کرنے لگے کہ آپؐ سو جائیں تو حملہ کریں۔ جب وہ سب کے سب آپؐ کے دروازے پر جمع ہو گئے۔...... اسی حالت میں رسول اللہ ﷺ ان کے سامنے باہر نکلے۔...... اللہ تعالیٰ نے ان کی بینائیاں چھین لیں اور وہ آپؐ کو دیکھ نہ سکے۔

(سیرت النبیؐ از ابن ہشام مترجم مولانا عبدالجلیل صدیقی حصہ اول صفحہ 493)

چونکہ انہیں یہ خیال نہیں تھا کہ آنحضرت ﷺ اس قدر اوّل شب میں ہی گھر سے نکل آئیں گے وہ اُس وقت اس قدر غفلت میں تھے کہ آپؐ ان کے سروں پر خاک ڈالتے ہوئے ان کے درمیان سے نکل گئے اور ان کو خبر تک نہ ہوئی‘‘۔

(سیرت خاتم النبیّین از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے صفحہ 237)

## دوسرا موقع

دوسرا موقع وہ ہے کہ جب ’’قریش جو آپ کے گھر کا محاصرہ کئے ہوئے تھے وہ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد آپؐ کے گھر کے اندر جھانک کر دیکھتے تھے تو حضرت علیؓ کو آپ کی جگہ پر لیٹا دیکھ کر مطمئن ہو جاتے تھے لیکن صبح ہوئی تو انہیں علم ہوا کہ اس کا شکار ان کے ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ اس پر وہ اِدھر اُدھر بھاگے۔...... خود رؤساء قریش بھی سراغ لیتے لیتے آپؐ کے پیچھے نکلے اور عین غار ثور کے منہ پر جا پہنچے۔ یہاں پہنچ کر ان کے سراغ رساں نے کہا کہ ’’بس سراغ اس سے آگے نہیں چلتا۔ اس لئے یا تو محمد یہی کہیں پاس ہی چھپا ہوا ہے۔ یا پھر آسمان پر اُڑ گیا ہے‘‘۔ کسی نے کہا ’’کوئی شخص ذرا اس غار کے اندر جا کر بھی دیکھ آئے‘‘۔ مگر ایک اور شخص بولا کہ ’’واہ یہ بھی عقل کی بات ہے‘‘۔ بھلا کوئی شخص اس غار میں جا کر چھپ سکتا ہے یہ ایک تاریک و تار اور خطرناک جگہ ہے اور ہم ہمیشہ سے اسے اسی طرح دیکھتے آئے ہیں‘‘۔...... قریش اس قدر قریب پہنچ گئے تھے کہ ان کے پاؤں غار کے اندر سے نظر آتے تھے اور ان کی آواز سنائی دیتی تھی اس موقع پر حضرت ابو بکرؓ نے گھبرا کر مگر آہستہ سے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ قریش اتنے قریب ہیں کہ ان کے پاؤں نظر آ رہے ہیں اور اگر وہ ذرا آگے ہو کر جھانکیں تو ہم کو دیکھ سکتے ہیں آپ نے فرمایا لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا یعنی ہرگز کوئی فکر نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ پھر فرمایا وَمَا ظَنُّکَ یَا اَبَا بَکْرٍ بِاثْنَیْنِ اَللّٰہُ ثَالِثُھُمَا۔ یعنی اے ابوبکر تم ان دو شخصوں کے متعلق کیا گمان کرتے ہو جن کے ساتھ تیسرا خدا ہے‘‘۔

(سیرت خاتم النبیّین از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے صفحہ 237، 238)

## تیسرا موقع

تیسرا موقع وہ ہے جب ’’جنگ احد میں لڑائی کا رنگ بدل گیا۔ مسلمان ہر طرف سے کفار کے نرغہ میں آ گئے۔...... ایک کی دوسرے کو خبر نہ رہی اور ہر طرف سے اُن پر تلواریں برسنے لگیں۔ آنحضرت ﷺ بھی صرف بارہ صحابیوں کے ساتھ کفار کے نرغہ میں آ گئے۔...... اس پریشانی اور کار زار کے عالم میں عبداللہ بن شہاب نے آپ ﷺ کے قریب پہنچ کر تلوار کا ایک زبردست ہاتھ مارا کہ خَوْد کے دو حلقے آپؐ کے چہرہ مبارک میں آنکھ سے نیچے کی ہڈی میں گھس گئے۔ ان کو حضرت ابوعبیدہ ابن الجراحؓ نے دانت سے پکڑ کر کھینچا۔ تو آپ کے دو دانت ٹوٹ گئے۔ کفار کی پوری طاقت اب آنحضرت ﷺ کی ذات مبارک پر حملے میں صرف ہونے لگی‘‘۔

(تاریخ اسلام از اکبر شاہ خاں حصہ 1 صفحہ 144 تا 147)

جنگ کے اختتام پر ’’مکہ کے رؤساء دیر تک آنحضرت ﷺ کی لاش میدان میں تلاش کرتے رہے اور اس نظارہ کے شوق میں ان کی آنکھیں ترس گئیں مگر جو چیز کہ نہ پانی تھی نہ پائی‘‘۔

(سیرت خاتم النبیّین از حضرت مرزا بشیر احمد ایم اے صفحہ 498)

## چوتھا موقع

چوتھا جب ’’جنگ خیبر کے موقع پر آنحضرت ﷺ کو ایک یہودی عورت نے ایک پکے ہوئے بکری کے گوشت میں زہر ملا کر بطور تحفہ پیش کیا چند صحابہؓ نے وہ گوشت کھایا جبکہ آنحضرت ﷺ نے اس کو چکھا آنحضرت ﷺ پر اس زہر کا شدید اثر ہوا اور ایک صحابیؓ کی وفات بھی ہوئی آنحضرت ﷺ نے اس یہودی عورت کو بلایا اور کہا تیرا بُرا ہو! تو نے ہمیں کیا کھلایا ہے۔ تو اس نے کہا میں نے آپؐ کو زہر دیا ہے۔ میں یہ جاننا چاہتی تھی اگر آپؐ خدا کے سچے نبی ہیں تو اس سے آپؐ کی جان محفوظ رہے گی اور اگر آپؐ (نعوذ باللہ) جھوٹے ہیں تو میں نے چاہا کہ لوگوں کو آپ سے نجات مل جائے‘‘۔

(سنن دار القطنی کتاب الحدود والدیات حدیث 3224)

## پانچواں موقع

پانچواں جب آنحضرت ﷺ نے شاہ فارس کے نام ایک تبلیغی خط لکھا۔ ’’خط پڑھ کر کسریٰ نے اسے پارہ پارہ کر دیا اور کہا کہ وہ جو میری رعایا ہے مجھے یہ خط لکھتا ہے۔...... اس کے بعد کسریٰ نے والی یمن کو لکھا کہ ...... اس شخص کو گرفتار کر کے میرے پاس لے آئیں۔...... چنانچہ دو آدمی رسول کریم ﷺ کے پاس آئے ...... اور کہا کہ بادشاہوں کے بادشاہ شہنشاہ کسریٰ نے ...... آپؐ کے پاس بھیجا ہے تا کہ آپ ہمارے ہمراہ چلیں۔ ...... اگر آپ اس حکم سے سرتابی کریں گے تو...... وہ آپ کو اور آپ کی قوم کو ہلاک کر دے گا اور آپؐ کے ملک کو برباد کر دے گا۔...... آپ نے ان سے کہا اچھا آج تو جاؤ کل پھر آنا، اس کے بعد ہی رسول اللہ ﷺ کو بذریعہ وحی آسمان سے خبر ملی کہ اللہ نے کسریٰ پر اس کے بیٹے کو مسلط کر دیا اور اس نے فلاں ماہ اور فلاں شب میں اپنے باپ کسریٰ پر قابو پا کر اُسے قتل کر دیا ہے۔ چنانچہ بعد میں ایسا ہی ہوا‘‘۔

(تاریخ طبری مترجم سید محمد ابراہیم ایم اے حصہ اول صفحہ 355، 356)

**حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔**

میں یقیناً کہتا ہوں کہ ہمارا خدا وہ خدا نہیں جو اپنے صادق کی مدد نہ کر سکے، بلکہ ہمارا خدا قادر خدا ہے جو اپنے بندوں اور اس کے غیروں میں مابہ الامتیاز رکھ دیتا ہے۔...... ہمارا ایمان ہے کہ اگر قریش مکہ آنحضرت ﷺ کو پکڑ کر آگ میں ڈال دیتے، تو وہ آگ ہرگز ہرگز آپؐ کو جلا نہیں سکتی تھی۔ اگر کوئی محض اس بناء پر کہ آگ اپنی تاثیر نہیں چھوڑتی۔ انکار کرے تو وہ خبیث اور کافر ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ نے جب ان سب دشمنوں کو مخاطب کر کے یہ کہہ دیا۔ فَکِیْدُوْنِیْ جَمِیْعًا (ھود:56) تم سب مکر کر کے دیکھ لو میں اس کو ضرور بچا لوں گا۔ پھر اگر کوئی یہ وہم بھی کرے کہ آگ میں ڈالتے تو معاذ اللہ جل جاتے یہ کفر ہے۔ قرآن شریف سچا ہے اور خدا تعالیٰ کے وعدے سچے ہیں وہ کوئی بھی حیلہ اور فریب آپ کی جان لینے کے لیے کرتے۔ اللہ تعالیٰ ضرور اُن کے گزند سے محفوظ رکھتا جیسا کہ محفوظ رکھ کر دکھا دیا۔ خواہ وہ صلیب کا مکر کرتے خواہ آگ میں ڈالنے کا۔ غرض کوئی بھی کرتے۔ آخر محمد ﷺ خدا کے وعدے کے موافق صادق ثابت ہوتے۔ جیسا کہ ہوئے۔ (ملفوظات جلد2 صفحہ 218)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

# نتیجہ دوسرا پرچہ روحانی خزائن جلد 20 (از صفحہ 231 تا 460)

## (نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے روحانی خزائن جلد 20 نصف دوم کے کل 33198 حل شدہ پرچہ جات نظارت ہذا کو موصول ہوئے۔ جن میں سے 33047 درست پرچوں کا رزلٹ پیش خدمت ہے۔

## سب سے پہلے موصول ہونے والے پرچہ جات

| تنظیم | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | حاصل کردہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| انصاراللہ | مجید احمد | چوہدری برکت علی | دارالصدر شرقی طاہر۔ ربوہ | 95 |
| خدام الاحمدیہ | طارق احمد طاہر | محمد یار لنگاہ | آنبہ۔ شیخوپورہ | 89 |
| اطفال الاحمدیہ | فطین احمد یاسر | طاہر محمود مبشر | کوارٹرز تحریک جدید۔ ربوہ | 90 |
| لجنہ اماءاللہ | طاہرہ قدیر | عبدالقدیر فیاض چانڈیو | باب الابواب۔ ربوہ | 90 |
| ناصرات الاحمدیہ | فضّہ گوندل | ارشد محمود گوندل | شہر۔ میرپورخاص | 84 |
| پہلی فیکس | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد۔ حیدرآباد | 97 |

## تعداد کے لحاظ سے تنظیموں کی پوزیشن

| تنظیم | تعداد پرچہ جات | پوزیشن | حاصل کردہ فیصد نمبر |
|---|---|---|---|
| خدام الاحمدیہ | 13053 | اول | 76.45 |
| انصاراللہ | 10293 | دوم | 79.22 |
| لجنہ اماءاللہ | 9357 | سوم | 82.76 |
| ناصرات الاحمدیہ | 272 | | 82.25 |
| اطفال الاحمدیہ | 72 | | 79.45 |
| میزان | 33047 | | |

## تعداد کے لحاظ سے اضلاع کی پوزیشن

| نمبر شمار | ریجن/ضلع | انصاراللہ | خدام | اطفال | لجنہ اماءاللہ | ناصرات | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ربوہ (اول) | 2776 | 3822 | 5 | 2550 | 9 | 9162 |
| 2 | لاہور (دوم) | 1543 | 1970 | | 634 | | 4147 |
| 3 | کراچی (سوم) | 923 | 838 | 3 | 1721 | 153 | 3638 |
| 4 | سیالکوٹ | 343 | 1434 | | 967 | 1 | 2745 |
| 5 | راولپنڈی | 274 | 359 | 5 | 664 | 12 | 1314 |
| 6 | فیصل آباد | 569 | 530 | | 163 | | 1262 |
| 7 | اسلام آباد | 231 | 295 | | 318 | | 844 |
| 8 | عمرکوٹ | 255 | 429 | | 140 | 7 | 831 |
| 9 | حیدرآباد | 192 | 373 | 2 | 149 | 5 | 721 |
| 10 | شیخوپورہ | 275 | 193 | | 202 | 5 | 675 |
| 11 | سرگودھا | 221 | 245 | | 196 | 2 | 664 |
| 12 | میرپور AK | 60 | 150 | 1 | 174 | | 385 |
| 13 | ننکانہ صاحب | 280 | 101 | | 2 | | 383 |
| 14 | مظفرگڑھ | 73 | 104 | 34 | 101 | 34 | 346 |
| 15 | بدین | 58 | 174 | 2 | 107 | 4 | 345 |
| 16 | بہاولنگر | 168 | 144 | | 12 | | 324 |
| 17 | بہاولپور | 139 | 82 | 5 | 83 | 10 | 319 |
| 18 | نارووال | 168 | 141 | | | | 309 |
| 19 | ساہیوال | 140 | 22 | | 140 | 1 | 303 |
| 20 | گوجرانوالہ | 168 | 95 | | 35 | | 298 |
| 21 | اوکاڑہ | 62 | 95 | 1 | 132 | 8 | 298 |
| 22 | ملتان | 71 | 83 | | 139 | | 293 |
| 23 | گجرات | 180 | 25 | | 87 | | 292 |
| 24 | چکوال | 40 | 117 | | 123 | | 280 |
| 25 | میرپورخاص | 72 | 130 | | 72 | 5 | 279 |
| 26 | ڈیرہ غازی خان | 78 | 191 | | | | 269 |
| 27 | حافظ آباد | 119 | 76 | | 20 | | 215 |
| 28 | سانگھڑ | 52 | 57 | 3 | 81 | 5 | 198 |
| 29 | نواب شاہ | 17 | 155 | | 8 | | 180 |
| 30 | منڈی بہاؤالدین | 52 | 117 | | 10 | | 179 |
| 31 | قصور | 30 | 42 | 1 | 77 | 2 | 152 |
| 32 | ہزارہ ڈویژن | 30 | 37 | 1 | 74 | | 142 |
| 33 | لودھراں | 25 | 61 | | 55 | | 141 |
| 34 | لاڑکانہ | 82 | 40 | | | | 122 |
| 35 | جہلم | 33 | 50 | | 20 | | 103 |
| 36 | کوٹلی AK | 67 | 25 | | 1 | | 93 |
| 37 | خانیوال | 52 | 8 | 1 | 27 | | 88 |
| 38 | لیہ | 40 | 43 | | | | 83 |
| 39 | بھکر | 19 | 17 | 4 | 33 | 6 | 79 |
| 40 | خوشاب | 77 | | | | | 77 |
| 41 | کوئٹہ | 28 | 34 | | 1 | | 63 |
| 42 | پشاور | 54 | | | 3 | | 57 |
| 43 | وہاڑی | 22 | 33 | 2 | | | 57 |
| 44 | ٹوبہ ٹیک سنگھ | 46 | 8 | | | | 54 |
| 45 | راجن پور | | 36 | | | | 36 |
| 46 | خیرپور | 12 | 20 | | 2 | | 34 |
| 47 | میانوالی | 8 | 10 | 1 | 8 | 3 | 30 |
| 48 | جھنگ | 16 | 12 | | | | 28 |
| 49 | مردان | 11 | 3 | | 12 | | 26 |
| 50 | اٹک | 9 | | | 11 | | 20 |
| 51 | نوشہرو فیروز | 3 | 12 | | | | 15 |
| 52 | سکھر | 15 | | | | | 15 |
| 53 | رحیم یار خان | 1 | 12 | | | | 13 |
| 54 | مظفرآباد AK | 7 | 3 | 1 | 1 | | 12 |
| 55 | چنیوٹ | 6 | | | | | 6 |
| 56 | بیرون | 1 | | | 2 | | 3 |
| | میزان | 10293 | 13053 | 72 | 9357 | 272 | 33047 |

# نمبروں کے لحاظ سے پوزیشن (پرچہ کے کل 100 نمبر تھے)

## 98 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | چوہدری نسیم احمد | چوہدری فضل الٰہی | کھاریاں شہر | گجرات | انصار |
| 2 | ایم اے لطیف شاہد | فضل الرحمٰن | ای الیون وسطی | اسلام آباد | انصار |
| 3 | بشارت احمد طاہر | مرزا برکت علی | کھاریاں | گجرات | انصار |
| 4 | رفیع احمد طاہر | مقبول احمد | سانگلہ ہل | ننکانہ صاحب | انصار |
| 5 | محمد ارشد | محمد اقبال | چک 45 مرڑھ | ننکانہ صاحب | انصار |
| 6 | شیخ اعجاز احمد | شیخ محمد شفیع | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 7 | صائمہ مجیب | مجیب احمد قاسم | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 8 | مقبول احمد شاہد | بشیر احمد | واہ کینٹ | راولپنڈی | خدام |
| 9 | سعدیہ مقبول | مقبول احمد شاہد | آفیسرز کالونی، واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 10 | بشریٰ ظفر | ظفر اقبال احمد ساہی | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 11 | امۃ الحکیم لئیقہ | منیر احمد منیب | دارالعلوم غربی ثناء | ربوہ | لجنہ |
| 12 | ملک محمود احمد اعوان | ملک کرم الٰہی اعوان | ڈیرہ اسمٰعیل خان | بھکر | انصار |
| 13 | شایانہ حفیظ | عبدالحفیظ | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 14 | امۃ الحفیظ عابدہ | حافظ مظفر احمد | دفتر لجنہ اماء اللہ پاکستان | ربوہ | لجنہ |
| 15 | ڈاکٹر شہناز اختر | چوہدری برکت علی | دفتر لجنہ اماء اللہ پاکستان | ربوہ | لجنہ |
| 16 | مبارک احمد بھٹی | محمد صدیق بھٹی | ایف 6/7 | اسلام آباد | انصار |
| 17 | نعمت اللہ جاوید | عنایت اللہ | شہر | قصور | انصار |
| 18 | منور احمد تنویر | چوہدری بشیر احمد | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | انصار |
| 19 | سیدہ عفت نسرین | مرزا خلیل احمد یعقوب | ماڈل ٹاؤن ھمک | اسلام آباد | لجنہ |
| 20 | مسعود احمد باجوہ | چوہدری ظہور الدین باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | انصار |
| 21 | آرکیٹیکٹ شعیب احمد ہاشمی | محمد شفیع ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | انصار |
| 22 | ڈاکٹر شوکت علی | چوہدری محمد صدیق | اورنگی ٹاؤن | کراچی | انصار |
| 23 | ڈاکٹر منیر حسین چوہدری | چوہدری عزیز حسین | شہر | گجرات | انصار |
| 24 | محمد نعیم | فضل کریم | ڈنڈوت آر ایس | جہلم | انصار |
| 25 | بشریٰ خانم | صادق مجید اللہ | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 26 | توقیر احمد ملک | ایوب احمد ملک | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 27 | مبارک احمد اعوان | صوفی رحمت اللہ | حلقہ شمالی | پشاور | انصار |
| 28 | عبدالمنان | محمد عثمان | دارالفتوح غربی | ربوہ | انصار |
| 29 | شریف احمد اشرف | حافظ احمد علی | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | انصار |
| 30 | سیدہ امۃ الرؤف | سید تاثیر مجتبیٰ | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ |
| 31 | نفیس احمد لنگاہ | معمور احمد لنگاہ | وحدت کالونی دارالحمد | لاہور | خدام |
| 32 | ناصر احمد | ملک منیر احمد طاہر | سیٹیلائٹ ٹاؤن شمالی | راولپنڈی | خدام |
| 33 | زاہد مسعود خان | چوہدری عزیز مسعود خان | پیپلز کالونی نمبر 1 | فیصل آباد | انصار |
| 34 | صاحبزادی امۃ القدوس | صاحبزادہ مرزا غلام احمد | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | لجنہ |
| 35 | سیدہ نفیسہ منور | سید منور احمد شاہ | اقبال ٹاؤن | لاہور | لجنہ |
| 36 | مجیب احمد | مولوی احمد علی اسلم | دارالفتوح شرقی | ربوہ | انصار |
| 37 | محمد امین چیمہ | محمد طفیل چیمہ | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | انصار |
| 38 | ظفر اللہ مبشر | ماسٹر سعد اللہ خان | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | انصار |
| 39 | رحمت علی ظہور | جہان خان | شالامار ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 40 | مبشر احمد خورشید | بشیر احمد گوندل | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 41 | منور احمد خالد | بشیر احمد گوندل | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 42 | عبدالمنان فیاض | حکیم محمد رمضان | آئی ایٹ ون | اسلام آباد | انصار |
| 43 | مبارک انور ندیم | بشیر احمد گوندل | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 44 | امتیاز احمد رانا | سردار علی | باغبانپورہ | لاہور | خدام |
| 45 | طیبہ امین | محمد امین چیمہ | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | لجنہ |
| 46 | میاں مجید الرحمٰن حمید | میاں نذیر احمد | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 47 | رانا عبدالقدیر طاہر | رانا حبیب احمد | احمد آباد | عمرکوٹ | انصار |
| 48 | احسان الحق قمر | عبدالرزاق | والٹن ڈیفنس | لاہور | انصار |
| 49 | ظہور احمد پال | محمد گلزار پال | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 50 | ڈاکٹر مبشر احمد طاہر | محمد اسلم طاہر | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 51 | زاہد احمد | محمد اکرم | دارالیمن غربی سعادت | ربوہ | خدام |
| 52 | احمد حسین رانا | اقبال احمد رانا | سانگلہ ہل | ننکانہ صاحب | انصار |
| 53 | نصیر احمد ناصر | شریف احمد ناصر | واہ کینٹ لالہ زار | راولپنڈی | انصار |

## 97 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد | حیدر آباد | خدام |
| 2 | بشیر احمد خان | مجید احمد خان | 55/2 ایل | اوکاڑہ | انصار |
| 3 | انجینئر محمود مجیب اصغر | فضل الرحمٰن بسمل | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | انصار |
| 4 | ضیاء اللہ بٹر | جہان خاں | وحدت کالونی | لاہور | انصار |
| 5 | عبدالرحمٰن عاجز | اللہ رکھا | دارالرحمت وسطی | ربوہ | انصار |
| 6 | امجد سیلونی | محمد حنیف سیلونی | دارالیمن غربی شکر | ربوہ | انصار |
| 7 | سیدہ بشریٰ | سید اسد احمد شاہ | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 8 | ندیم احمد صدیقی | شمیم احمد صدیقی | ٹاؤن شپ | لاہور | انصار |
| 9 | محمد ارشاد | شیخ محمد اکرام | وحدت کالونی | لاہور | انصار |
| 10 | عائشہ طاہر | طاہر محمود احمد | I-8/1 | اسلام آباد | لجنہ |
| 11 | امۃ الرؤف | محمد سلیم | ٹیکسلا | راولپنڈی | لجنہ |
| 12 | امۃ الصبور | مرزا محمد برہان | باب الابواب غربی | ربوہ | لجنہ |
| 13 | خالدہ برہان | مرزا محمد برہان | باب الابواب غربی | ربوہ | لجنہ |
| 14 | سعدیہ بشریٰ | راجہ محمد صادق | نصیر آباد غالب | ربوہ | لجنہ |
| 15 | سیدہ رضوانہ بخاری | سید زاہد بخاری | ایف 6/7 | اسلام آباد | لجنہ |
| 16 | نور الٰہی بشیر | فضل الٰہی | گلشن پارک | لاہور | انصار |
| 17 | امۃ النصیر | نصیر احمد ناصر | شہر سول لائن | شیخوپورہ | لجنہ |
| 18 | ندرت نصیر | نصیر احمد | شہر سول لائن | شیخوپورہ | لجنہ |
| 19 | نسیم کرامت | کرامت اللہ | شہر | سانگھڑ | لجنہ |
| 20 | غزالہ فیاض | فیاض احمد | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 21 | سعدیہ مشہود | مشہود احمد | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 22 | تہمینہ احسان | احسان اللہ قمر | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 23 | صادق مجید اللہ | غلام محمد عبد | لالہ رخ، واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 24 | مرزا رفیق احمد | مرزا قدرت اللہ | لالہ رخ، واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 25 | شیخ افضل الحق | شیخ فضل الحق | لالہ رخ، واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 26 | محمد سلیم جاوید | میاں فضل کریم | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 27 | انتصار احمد ازکیٰ | چوہدری سلطان احمد | حلقہ وسطی | اسلام آباد | انصار |
| 28 | سید منور احمد شاہ | سید مختار احمد شاہ | وحدت کالونی | لاہور | انصار |
| 29 | سلمیٰ شاہد خلیل | شاہد خلیل | مارگلہ ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 30 | قدسیہ کامران | سید کامران حیدر | حیات آباد | پشاور | لجنہ |
| 31 | مسرت جبیں | منور احمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ |
| 32 | عافیہ مہ رخ | منور احمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ |
| 33 | نگہت فردوس | عبدالسلام | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 34 | میجر عبدالرزاق | محمد عیسیٰ خان | I-10/2 | اسلام آباد | انصار |
| 35 | نعمت اللہ قریشی | عطاء اللہ قریشی | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 36 | صوفی محمد اکرم | صوفی محمد عبداللہ | رفاہ عام | کراچی | انصار |
| 37 | مرزا عبدالرشید | مرزا محمد عبداللہ | دارالعلوم غربی صادق | ربوہ | انصار |
| 38 | طاہرہ شبیر | محمد شبیر شاہد | واہ کینٹ بیت الحمد | راولپنڈی | لجنہ |
| 39 | محمد حنیف شمس | حاجی محمد شریف | گلزار ہجری | کراچی | انصار |
| 40 | محمد مالک خضر | چوہدری مولا بخش | نصیر آباد رحمٰن | ربوہ | انصار |
| 41 | خالد مسعود خان | ملک علی احمد خان | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 42 | زاہد محمود | عبدالرحمٰن | چک 24 نبی پور | سانگھڑ | خدام |
| 43 | مبشر احمد | شمس الباری | نارتھ کراچی | کراچی | انصار |
| 44 | فرخندہ کاشف | کاشف محمود | النور کالونی | راولپنڈی | لجنہ |
| 45 | خولہ رفیق | رفیق احمد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |

## 96 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | امۃ المجیب | بشیر احمد خان | 55/2ایل | اوکاڑہ | لجنہ |
| 2 | حبۃ الاعلیٰ | غلام احمد سرور | طاہر آباد شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 3 | فرحت جہاں | خدا بخش ناصر | طاہر آباد جنوبی | ربوہ | لجنہ |
| 4 | معراج احمد ابڑو | منظور احمد ابڑو | گولارچی | بدین | خدام |
| 5 | داؤد احمد اقبال ملک | ملک محمد حنیف خان | دھمیال کیمپ | راولپنڈی | انصار |
| 6 | نصیر احمد کھرل | منیر احمد | شہر | بدین | خدام |
| 7 | نصرت آرا | | کینیڈا | بیرون | لجنہ |
| 8 | منزہ ولی سنوری | ولی الرحمان سنوری | کینیڈا | بیرون | لجنہ |
| 9 | مبشر احمد اعجاز | اعجاز احمد | دستگیر سوسائٹی | کراچی | انصار |
| 10 | شاہد احمد | عبدالاحد | نارتھ کراچی | کراچی | انصار |
| 11 | سلمیٰ نزہت | حمید احمد | شہر | اٹک | لجنہ |
| 12 | محمد الیاس بقاپوری | محمد اسماعیل بقاپوری | سول لائنیز | لاہور | انصار |
| 13 | چوہدری غفور احمد | چوہدری عنایت اللہ | منصورہ آباد | فیصل آباد | انصار |
| 14 | محمد اقبال بسراء | چوہدری احمد الدین بسراء | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 15 | داؤد احمد شاکر | فضل دین | شہر | ننکانہ صاحب | انصار |
| 16 | مصباح احمد | فیاض احمد | لالہ رخ، واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 17 | شمیم چوہدری | محمد حسین | احمد نگر | ربوہ | لجنہ |
| 18 | عفت بٹ | محمد اسلم شیخ | اقبال ٹاؤن | لاہور | لجنہ |
| 19 | انوار احمد | مشتاق عالم | ٹیکسلا | راولپنڈی | انصار |
| 20 | چوہدری حفیظ احمد | چوہدری صدیق احمد | ٹیکسلا | راولپنڈی | انصار |
| 21 | فائزہ منان | عبدالمنان شاہد | ٹیکسلا | راولپنڈی | لجنہ |
| 22 | طاہرہ راشد | راشد اقبال | پاکستان ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ |
| 23 | طلعت اشرف | اشرف نواز | ماڈل کالونی | کراچی | لجنہ |
| 24 | امۃ الناصر | عبدالباسط | ماڈل کالونی | کراچی | لجنہ |
| 25 | طیبہ ذوالفقار باجوہ | ذوالفقار علی باجوہ | باب الابواب شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 26 | عائشہ صدیقہ | عبدالناصر احمد | باب الابواب شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 27 | سعدیہ کریم | کریم احمد | باب الابواب شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 28 | عروسہ مشتاق | محمد مشتاق | باب الابواب شرقی | ربوہ | لجنہ |
| 29 | امۃ الباسط شاہین | شاہین سیف اللہ | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | لجنہ |
| 30 | لبنیٰ بشارت | بشارت احمد | گلشن جامی | کراچی | لجنہ |
| 31 | مدیحہ ذیشان | | گلشن سرسید | کراچی | لجنہ |
| 32 | سیدہ نصرت جہاں | سید ناصر محمود شاہ | حیات آباد | پشاور | لجنہ |
| 33 | حباب خالد | خالد رشید | لالہ رخ محمود بلاک | راولپنڈی | خدام |
| 34 | شناور خالد | خالد رشید | لالہ رخ محمود بلاک | راولپنڈی | خدام |
| 35 | مبارکہ افتخار | افتخار احمد | بیت العطا مورگاہ | راولپنڈی | لجنہ |
| 36 | نعیمہ حمید | حمید اللہ خان | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 37 | شائستہ کبیر | عبدالکبیر قمر | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | لجنہ |
| 38 | روزینہ ناز | لطف الرحمان ناز | دارالشکر شمالی | ربوہ | لجنہ |
| 39 | سطوت قیوم | عبدالقیوم | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 40 | امۃ الرحیم | مسعود احمد چوہدری | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 41 | پروین اختر | محمد اشرف تنویر | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 42 | عطیہ رحمٰن | مبارک انور ندیم | بیت المحمود واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 43 | وحید عمران | حفیظ احمد | ٹیکسلا | راولپنڈی | خدام |
| 44 | عبدالقیوم | عبدالغفور | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 45 | میاں عبدالغفور طور | میاں عبدالحق | دارالعلوم شرقی مسرور | ربوہ | انصار |
| 46 | ڈاکٹر مرزا رفیق احمد عابد | مرزا محمود احمد | دارالبرکات | ربوہ | انصار |
| 47 | ڈاکٹر رمضان محمد زاہد | محمد شفیع | مغلپورہ | لاہور | انصار |
| 48 | افتخار احمد خان | چوہدری کرامت اللہ | لطیف آباد | حیدر آباد | انصار |
| 49 | لبیب احمد باجوہ | چوہدری مسعود احمد باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | خدام |
| 50 | ظہور احمد باجوہ | چوہدری مسعود احمد باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | خدام |
| 51 | محمد عامر ملک | ملک محمد ممتاز | شہر | بھکر | خدام |
| 52 | احمد نصیر باجوہ | چوہدری شاہد نصیر باجوہ | کینال کالونی | ساہیوال | خدام |
| 53 | فہمیدہ عتیق | مرزا محمد عتیق | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 54 | شمائلہ احسن | محمد احسن | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 55 | سعدیہ عثمان | عثمان احمد جاوید | G8/2 قیادت شمالی | اسلام آباد | لجنہ |
| 56 | امۃ الصبور جاوید | نعمت اللہ جاوید | شہر | قصور | لجنہ |
| 57 | امۃ الشافی جاوید | نعمت اللہ جاوید | شہر | قصور | لجنہ |
| 58 | چوہدری شریف احمد ورک | ایم عبداللطیف | کلیار ٹاؤن | سرگودھا | انصار |
| 59 | شیخ ظفر اقبال احمد | شیخ محمود احمد | گلزار ہجری | کراچی | انصار |
| 60 | مصور احمد طاہر | ملک عبدالرحمٰن | ملیر کالونی | کراچی | انصار |
| 61 | سردار علی | خوشی محمد | باغبانپورہ | لاہور | انصار |
| 62 | منور احمد ملک | مشتاق عالم | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 63 | منصور احمد لکھنوی | ڈاکٹر وارث علی | گلشن اقبال شرقی | کراچی | انصار |
| 64 | امۃ الحنیف جاوید | عبدالکریم جاوید | G8/2 | اسلام آباد | لجنہ |
| 65 | طاہرہ کلثوم | محمد ادریس جاوید | کوٹ رادھا کشن | قصور | لجنہ |
| 66 | بشارت ادریس | محمد ادریس جاوید | کوٹ رادھا کشن | قصور | لجنہ |
| 67 | عقیل احمد | احسان احمد | صادق آباد | راولپنڈی | خدام |
| 68 | محمد افتخار احمد چوہدری | چوہدری فرزند علی | دارالصدر شمالی ہدیٰ | ربوہ | انصار |
| 69 | نصرت کچلو | اسد اللہ کچلو | ایوان توحید | راولپنڈی | لجنہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 70 | رانامنیراحمد | ہدایت اللہ | دارالعلوم جنوبی احد | ربوہ | انصار |
| 71 | محموداحمد | محمدانور | ناصرآبادشرقی | ربوہ | انصار |
| 72 | فرخ سعید | سعیداحمد | ہاؤسنگ سوسائٹی | کراچی | خدام |
| 73 | عزیزاحمدطاہر | عبداللطیف | ناصرآبادشرقی | ربوہ | انصار |
| 74 | چوہدری ناصراحمدگوندل | چوہدری عبدالواحد | النور | کراچی | انصار |
| 75 | مجیب احمدناصر | عبدالمجیدناصر | النور | کراچی | انصار |
| 76 | عمارہ قدیر | راناعبدالقدیرطاہر | احمدآباداسٹیٹ | عمرکوٹ | ناصرات |
| 77 | سعدیہ سیف خان | خالدسیف اللہ خان | بہارہ کہو | اسلام آباد | لجنہ |
| 78 | سعدیہ انور | | ماڈل ٹاؤن ھمک | اسلام آباد | لجنہ |
| 79 | لبنیٰ احسان | احسان الحق قمر | والٹن | لاہور | لجنہ |
| 80 | نعیمہ مقصود | مقصوداحمد | ماڈل ٹاؤن | لاہور | لجنہ |
| 81 | انجینئرطاہراحمد | محمدسعید | شوگرملز | مردان | انصار |
| 82 | محمداکرم | عبدالخالق | شہر | مردان | انصار |
| 83 | رفیق احمدظفر | شیخ لطف المنان | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 84 | حبۃ النور | منوراحمدمہر | گلگشت کالونی | ملتان | لجنہ |
| 85 | امیمہ سہیل | رانامظفراحمد | بیت السلام | ملتان | لجنہ |
| 86 | مبشراحمدملک | ملک بشیراحمد | ماڈل کالونی | کراچی | انصار |
| 87 | محمداشرف تارڑ | عبدالغنی تارڑ | کولوتارڑ | حافظ آباد | انصار |

☆ تمام احباب وخواتین جنہوں نے پرچے حل کر کے بھجوائے ہیں ان کو چند روز تک اسناد بھجوادی جائیں گی وہ اپنے حلقہ کے مربی صاحب سے حاصل کرلیں۔مرکز سے رابطہ کی ضرورت ہوتو فون 047-6212220اور موبائل 03426922533 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔نظارت کا ای۔میل nazarat.markazia@saapk.org ہے۔

حضرت مسیح موعود کی یہ بھی خواہش تھی کہ "سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم ازکم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں۔" یہ حضرت مسیح موعود کی خواہش ہی نہیں بلکہ آپ نے تاکید کی ہے اور کتب کو پڑھنا ضروری قرار دیا ہے۔اس لئے سب احباب کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ ہر روزہ معمول بنالیں۔

## حضرت مسیح موعود کی تحریر کا اہم پہلو

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

کامیاب دفاع کے بعد شدید یلغار یہ بھی ایک عظیم جرنیل کی خصوصیت ہوتی ہے۔حضرت مسیح موعود کے فن جہاد کا یہ بہت اہم پہلو تھا کہ معاندین اسلام کے اعتراضات کا جواب دیتے وقت اسے ایک حد تک ڈھیل دیتے چلے جاتے تھے کہ وہ ہر امکانی حملہ کر کے دل کی بھڑاس نکال لے اور کوئی اعتراض نہ چھوڑے۔اس دوران اس کے ہر اعتراض در اعتراض کا ایسا مدلل اور مسکت جواب دیتے کہ ہر پڑھنے اور سننے والے منصف مزاج شخص پر اعتراضات کی لغویت اور (دینی) تعلیم کی حقانیت ثابت ہو جاتی تھی۔ بالآخر جب معترض کے اعتراض کا ترکش خالی ہو جاتا تو (دین حق) طرف سے دفعۃً شدید الزامی جواب کی کارروائی فرماتے اور سنبھلنے کا موقع دیئے بغیر اسی قسم کے ہتھیاروں سے اس پر سخت تر حملہ کرتے جس قسم کے ہتھیاروں سے اس نے (دین حق) پر حملہ کیا تھا۔ چونکہ دشمن (دین حق) کو زخم پہنچانے کے شوق میں پہلے ہی اپنے اعتراض کو غلط استعمال کر چکا ہوتا تھا اس لئے اس کے خلاف یہی ہتھیار بہت زیادہ قوت اور کامیابی کے ساتھ کام کرتا تھا اور فرار کی تمام راہیں اس پر بند ہو جاتی تھیں۔اس پہلو سے حضرت مسیح موعود کے علم کلام کا مطالعہ غیر معمولی دلچسپی کا باعث بنتا ہے۔مثال کے طور پر کثرت ازدواج پر دشمن اعتراض کرتا تھا۔اس کا بڑا سلجھا ہوا معقولی جواب دینے کے بعد اور اس تعلیم کا فلسفہ اور حکمت سمجھانے کے بعد پھر معترض کے اپنے معتقدات کے پیش نظر آپ ایسا الزامی جواب دیتے کہ اسے منہ چھپائے نہ بنتی تھی۔ معترض اگر عیسائی ہوتے تو انہیں انبیاء بنی اسرائیل خصوصاً حضرت داؤد علیہ السلام کی بیویوں کی تعداد یاد دلائی جاتی، اگر ہندو ہوتے تو حضرت کرشن کی سکھیوں کے ذکر کے ساتھ نیوگ کی تعلیم کا کچھ مزا ان کو چکھایا جاتا۔غرضیکہ ویسے ہی ہتھیار زیادہ تیز اور زیادہ ناقابل تردید صورت میں حضور اسلام دشمنوں کے خلاف فرماتے۔

(تقاریر جلسہ سالانہ خلیفۃ المسیح الرابع قبل از خلافت ص248)

---

مکرم سید حسین احمد صاحب

# مکرم فضل الرحمٰن خان صاحب کا ذکر خیر

مکرم فضل الرحمٰن خان صاحب امیر جماعت راولپنڈی کی شخصیت بہت سی خوبیوں کی مالک تھی۔ آپ کے اندر بزرگان کی جھلک دکھائی دیتی تھی۔ آپ جماعتی اقدار کو نوجوان نسل میں دیکھنا چاہتے تھے اور اکثر بزرگان کے واقعات بیان کرتے تھے۔

خلافت سے محبت اور پھر فوری اطاعت آپ کے اندر کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا خطبہ ایک دفعہ خاکسار نے ایوان توحید میں پڑھ کر سنایا۔جس میں شعبہ مال سے متعلق چند اہم ہدایات تھیں۔مکرم خان صاحب نے اسی روز بعد نماز مغرب مجلس عاملہ کے اجلاس کو طلب کیا اور حضور انور کی اس ہدایت کو ممبران کے آگے رکھا تاکہ فوری عمل کیا جاسکے۔

اسی طرح حضور انور کی ہدایات کو فوری طور پر عہدیداران اور جماعتوں میں ارسال کرتے اور عملدرآمد کا جائزہ لیتے۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ سے تو آپ کو عشق تھا۔خلافت سے قبل بطور ناظر اعلیٰ، دو تین دورے راولپنڈی کے کروائے۔جن میں مجلس عاملہ کو مفصل خطاب بھی شامل تھا۔

مرکزی نمائندگان کی آمد پر بہت خوش ہوتے تھے۔ بلکہ فون کر کے بار بار بلایا کرتے تھے۔ان کا مجلس عاملہ سے خطاب ہوتا۔غیر از جماعت سے سوال و جواب منعقد کروا کر بہت خوش ہوتے تھے۔ حضرت مرزا عبدالحق صاحب سرگودھا سے اکثر تشریف لایا کرتے تھے۔ان کے ساتھ جماعت کے نوجوانوں اور واقفین نو بچوں کی کئی مرتبہ ملاقات کرواتے۔

ضلعی جماعتوں کے دورہ جات پر خود جایا کرتے تھے اور مربیان سلسلہ کو اکثر ہمراہ رکھتے۔ صحت کی خرابی کے باعث اگر خود نہ جاتے تو اکثر اپنی ذاتی گاڑی اور ڈرائیور بھجواتے۔آپ کا ایک بڑا کارنامہ 800 صفحات پر مشتمل تاریخ احمدیت راولپنڈی کی تیاری اور اشاعت ہے۔درجنوں دفعہ آپ نے اس کمیٹی کے اجلاس کی خود صدارت کی۔ مسودہ کو لفظاً لفظاً پڑھا اور منظوری دی۔ جماعت کے ہر کام میں ذاتی دلچسپی لیتے تاکہ دیگر عہدیداران بھی دلجمعی میں حصہ لیں۔

مربیان سلسلہ اور جماعتی کارکنان کی ضروریات کا بہت خیال رکھتے۔عیدین کے موقع پر مربیان کے گھر جاتے اور تحفہ دیتے۔ایوان توحید اپنے دفتر میں آتے تو میرے بیٹے وقاص احمد (جو اس وقت 5 سال کا تھا) کو بلوا کر جماعتی ڈاک نائب امیر یا جنرل سیکرٹری کے دفتر میں بچے کے ہاتھ بھجواتے تاکہ بچپن سے خدمت دین کا جذبہ پیدا ہو۔اس بچے نے جب قرآن کریم ختم کیا تو آپ تقریب آمین میں خود آئے اور قرآن سنا اور دعا کرائی۔

بیت النور مری روڈ راولپنڈی کی عمارت کو سڑک کی توسیع کے باعث 2004ء میں گرانے کا حکم ملا۔تو مکرم خان صاحب بہت پریشان تھے۔ دشمن کا منصوبہ تھا کہ بیت الذکر کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا جائے۔آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کو دعا کی فیکس دی۔حضور انور کا جواب آیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ راولپنڈی کو مزید وسعت دی ہے اس جواب پر مکرم خان صاحب اور تمام جماعت راولپنڈی بہت خوش ہوئے۔ چنانچہ چند ماہ بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے جماعت راولپنڈی کو 16 کینال کا قطعہ خریدنے کی توفیق عطا کی۔

جب 1952ء آپ انجینئرنگ کالج لاہور میں طالب علم تھے۔کالج کے احمدی طلباء نے فیصلہ کیا کہ ایک فنکشن منعقد کرایا جائے جس میں غیر از جماعت اساتذہ اور طلبہ کو بلایا جائے اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو لیکچر کے لئے درخواست کی جائے اور حضور کی منظوری کے بغیر وقت مقرر کر کے مہمانوں کو اطلاع بھی کردی۔طلباء نے اپنا نمائندہ مکرم فضل الرحمٰن خان صاحب کو بنا کر ربوہ بھیجا۔ آپ حضور سے ملے۔حضور نے فرمایا کہ میں اس دن مصروف ہوں۔آپ نے عرض کی کہ غیر احمدی طلبہ اور پروفیسرز کو ہم نے اطلاع بھی کردی ہے۔ چنانچہ حضور انور نے شفقت فرماتے ہوئے فرمایا کہ جاؤ اور اچھی طرح تیاری کرو۔ میں لاہور پہنچ جاؤں گا۔یہ پروگرام بہت کامیاب ہوا۔حضور انور نے خطاب فرمایا اور مہمانوں سے ملاقات فرمائی۔ یہ واقعہ مکرم خان صاحب اکثر بیان کیا کرتے تھے۔

آپ اکثر بتاتے تھے کہ ان کے والد مکرم مولوی عبدالغفور خان صاحب بہت دعا گو انسان تھے۔اپنے بیٹے کے لئے بہت دعا کرتے تھے۔نیز بریگیڈیر ڈاکٹر سید ضیاء الحسن صاحب مرحوم سابق ناظم ضلع انصاراللہ راولپنڈی کا بہت ذکر خیر کیا کرتے تھے کہ انہوں نے مجھے جماعتی کاموں میں شمولیت کی رغبت دلائی۔

اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور ہمیں آپ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## نکاح

مکرم وسیم احمد سروعہ صاحب مربی سلسلہ بوسنیا تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ فضہ کنول احمد صاحبہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم واصف عمر صاحب ابن مکرم مسرت احمد صاحب بہاولپور آٹھ ہزار یورو حق مہر پر مورخہ 15 جون 2012ء کو محترم منور احمد قمر صاحب مربی سلسلہ بہاولپور شہر نے بعد نماز جمعہ بیت الذکر بہاولپور میں کیا۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کے لئے باعث برکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

## نکاح وتقریب رخصتانہ

مکرم مسرت احمد صاحب بہاولپور شہر تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ منیزا مسرت صاحبہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم محمد شعیب احمد صاحب ابن مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب کاہلوں کینیڈا دس ہزار کینیڈین ڈالر حق مہر پر مورخہ 12 فروری 2013ء کو محترم منور احمد قمر صاحب مربی سلسلہ بہاولپور شہر نے بیت الذکر بہاولپور شہر میں کیا۔ اسی روز بعد دوپہر Vasaib شادی ہال بہاولپور میں رخصتی ہوئی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے باعث برکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

## نکاح وتقریب شادی

مکرم فلاح الدین صاحب مربی سلسلہ رائے ونڈ ضلع لاہور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی ہمشیرہ مکرمہ عطیۃ النور صاحبہ بنت مکرم چوہدری محمود علی صاحب مرحوم آف شاہدرہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم مبارک احمد عاکف صاحب ابن مکرم مہر منور احمد صاحب زعیم اعلیٰ انصار اللہ حلقہ ذکریا ٹاؤن ملتان کے ساتھ مبلغ ڈیڑھ لاکھ روپے حق مہر پر مورخہ 6 جنوری 2013ء کو بیت المبارک ربوہ میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے کیا۔ مورخہ 9 فروری 2013ء کو تقریب رخصتانہ ملہار (Melhaar) بینکوئیٹ ہال گلشن راوی لاہور میں بخیر وخوبی انجام پائی۔ تقریب رخصتانہ کے موقع پر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے دعا کروائی۔ دلہن ننھیال کی طرف سے مکرم حافظ عبدالکریم صاحب مرحوم کی نواسی اور مکرم عبدالستار خان صاحب امیر جماعت احمدیہ گوئٹے مالا کی بھانجی ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کیلئے مبارک کرے۔ آمین

## نکاح

مکرمہ مسرت روبینہ بھٹی صاحبہ (واقفہ زندگی) سٹاف نرس لیبر وارڈ فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ طیبہ نعیم صاحبہ واقفہ نو بنت مکرم نعیم اللہ خان ملہی صاحب واقف زندگی کارکن دفتر وصیت ربوہ کے نکاح کا اعلان مکرم شہزاد احمد بھٹی صاحب واقف نو ابن مکرم بشارت احمد بھٹی صاحب ساکن کینیڈا کے ساتھ دس ہزار کینیڈین ڈالر زرِ حق مہر پر مورخہ 20 فروری 2013ء کو بعد نماز ظہر بیت المبارک میں محترم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے کیا۔ دلہن مکرم چوہدری حفیظ اللہ خان صاحب کی پوتی اور مکرم چوہدری سارنگ خان صاحب بھٹی مرحوم کی نواسی ہے۔ اسی طرح دلہا مکرم چوہدری سارنگ خان صاحب بھٹی مرحوم کا پوتا اور مکرم چوہدری عزیز احمد صاحب کاہلوں مرحوم کا نواسہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کیلئے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم سعادت احمد ورک صاحب آف امریکہ حال دارالعلوم شرقی ربوہ اطلاع دیتے ہیں۔

میرے بڑے بھائی مکرم محمد نواز صاحب ورک ابن مکرم بشیر احمد صاحب ورک مرحوم عرصہ دو ماہ سے پیشاب کی تکلیف اور شوگر کی وجہ سے شدید علیل ہیں۔ احباب سے شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم عبدالحمید صاحب ابن مکرم عبدالرحیم صاحب مرحوم دارالعلوم غربی خلیل ربوہ اطلاع دیتے ہیں کہ میرے چھوٹے بھائی مکرم منصور احمد صاحب جرمنی کے دل کا کامیاب آپریشن ہوا ہے۔ احباب سے شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم سید ارشد احمد صاحب اسلام آباد تحریر کرتے ہیں۔

میری تایازاد بہن مکرمہ نصرت باسط صاحبہ اہلیہ مکرم قریشی عبدالشکور باسط صاحب کا 4 مارچ 2013ء کو شفا انٹرنیشنل ہسپتال میں دونوں گھٹنوں کا آپریشن ہوا ہے۔ دل کی بھی تکلیف ہوگئی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم اشتیاق احمد چوہان صاحب کارکن جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ مکرمہ سعیدہ بی بی صاحبہ زوجہ مکرم مشتاق احمد چوہان صاحب کے پتے کا آپریشن فضل عمر ہسپتال ربوہ میں متوقع ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا آپریشن کامیاب کرے اور بعد کی تمام پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

## اعلان دارالقضاء

(مکرم شریف احمد صاحب
ترکہ مکرم حامد حسین صاحب)

مکرم شریف احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے بھائی محترم حامد حسین صاحب وفات پا چکے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 17/22 دارالیمن برقبہ 10 مرلہ میں سے 2 مرلہ 233.35 مربع فٹ بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ لہٰذا یہ حصہ خاکسار اور میرے بھائی لطیف احمد صاحب کے نام بحصص شرعی منتقل کردیا جائے۔ ہمارے علاوہ اور کوئی وارث نہ ہے۔

تفصیل ورثاء

1۔ مکرم شریف احمد صاحب (بھائی)
2۔ مکرم لطیف احمد صاحب (بھائی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو تحریراً مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔ (ناظم دارالقضاء ربوہ)

## سانحہ ارتحال

محترم فلاح الدین صاحب مربی سلسلہ رائے ونڈ ضلع لاہور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے پھوپھا مکرم شمیم احمد محمود صاحب وفاقی کالونی جوہر ٹاؤن لاہور مورخہ یکم مارچ 2013ء کو حرکت قلب رک جانے کی وجہ سے 74 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم مکرم محمد دین صاحب صدر جماعت احمدیہ گوجرہ کے بیٹے تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ اسی روز جوہر ٹاؤن میں خاکسار نے پڑھائی بعد ازاں ربوہ میں بعد از نماز عشاء مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی اور اس کے بعد عام قبرستان میں تدفین ہوئی۔ مرحوم حلقہ جوہر ٹاؤن لاہور کے ایک سرگرم رکن تھے۔ آپ نے حلقہ جوہر ٹاؤن میں بطور نائب زعیم مال، منتظم تجنید، محاصل اور سائق حلقہ خدمات سرانجام دیں۔ اس کے علاوہ مرحوم 28 مئی کو ہونے والے سانحہ میں بیت النور میں زخمی ہوئے تھے۔ وفات سے ایک رات قبل بھی مرحوم زعیم صاحب حلقہ کے ساتھ مل کر انصار بھائیوں سے قادیان کے فارم فل کروانے کے لئے دورہ کر رہے تھے اور رات 9 بجے گھر آئے تھے۔ مرحوم نے اپنے پسماندگان میں ایک بیوہ چار بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے اور مرحوم کی مغفرت وبخشش فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## سیمینار بعنوان الفضل

(بمقام ریلو کے ضلع سیالکوٹ)

الفضل کی صد سالہ تقریبات کے سلسلہ میں جماعت احمدیہ سیالکوٹ کے زیر اہتمام ایک سیمینار ریلوکے میں 3 مارچ 2013ء کو منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت مکرم محمد محمود طاہر صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم ریاض احمد شاہد صاحب نے الفضل کے حوالہ سے اپنے چند اشعار سنائے۔ مکرم محمد سعید احمد انور صاحب سیکرٹری اشاعت ضلع سیالکوٹ نے الفضل کے اجراء پر حضرت مصلح موعود کی دعائیں پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل تقاریر ہوئیں۔

1۔ الفضل کی اہمیت
(مکرم عتیق احمد صاحب گوندل جنرل سیکرٹری ضلع)
2۔ الفضل کی تاریخ اور جائزہ ضلع سیالکوٹ
(مکرم طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ صاحب)
3۔ الفضل کی تربیتی خدمات
(مکرم عبدالسمیع خان صاحب)

صدر مجلس نے الفضل کے بارے میں خلفائے احمدیت کے ارشادات بیان کئے۔ آخر پر مکرم امیر صاحب ضلع نے احباب کو الفضل پڑھنے اور خریداران بڑھانے کی تلقین فرمائی اور دعا کروائی۔ اس اجلاس میں 46 مجالس کے 120 نمائندے شریک ہوئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس سیمینار کے اچھے نتائج ظاہر فرمائے۔ آمین

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
کاشف جیولرز
گولبازار ربوہ
میاں غلام مرتضیٰ محمود
فون دکان: 047-6215747 فون رہائش: 047-6211649

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل پروگرام

(پاکستانی وقت کے مطابق)

## 18 مارچ 2013ء

| | |
|---|---|
| 12:35 am | رئیل ٹاک |
| 1:30 am | ڈاکومنٹری (برفباری) |
| 2:00 am | پریس پوائنٹ |
| 3:05 am | خطبہ جمعہ |
| 4:05 am | مجلس سوال وجواب |
| 5:20 am | عالمی خبریں |
| 5:35 am | تلاوت، درس حدیث |
| 6:05 am | یسرنا القرآن |
| 6:30 am | گلشن وقف نو |
| 7:35 am | ڈاکومنٹری (برفباری) |
| 8:00 am | خطبہ جمعہ نشر مکرر |
| 9:05 am | رئیل ٹاک |
| 9:50 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت۔ درس سیرۃ النبیؐ |
| 11:30 am | الترتیل |
| 11:50 am | حضور انور کا دورہ مغربی افریقہ |
| 12:50 pm | جماعتی خبریں |
| 1:20 pm | خلافت احمدیہ سال بہ سال |
| 1:50 pm | فرنچ سروس |
| 2:50 pm | انڈونیشین سروس |
| 3:50 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2012ء |
| 4:25 pm | سیرت مسیح موعود |
| 5:00 pm | تلاوت |
| 5:15 pm | ان سائیٹ |
| 5:40 pm | الترتیل |
| 6:05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 25 مئی 2007ء |
| 7:05 pm | بنگالی پروگرام |
| 8:05 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2012ء |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ |
| 10:35 pm | الترتیل |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:20 pm | حضور انور کا دورہ مغربی افریقہ |

## 19 مارچ 2013ء

| | |
|---|---|
| 12:15 am | رئیل ٹاک |
| 1:15 am | راہ ہدیٰ |
| 2:50 am | خطبہ جمعہ |
| 3:50 am | جلسہ سالانہ قادیان 2012ء |
| 4:30 am | سیرت حضرت مسیح موعود |
| 5:00 am | عالمی خبریں |
| 5:15 am | تلاوت |
| 5:25 am | ان سائیٹ |
| 5:50 am | الترتیل |
| 6:20 am | حضور انور کا دورہ مغربی افریقہ |
| 7:10 am | کڈز ٹائم |
| 7:40 am | خطبہ جمعہ |
| 8:40 am | جلسہ سالانہ قادیان 2012ء |
| 9:15 am | خلافت۔ سال بہ سال |
| 9:50 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت، درس حدیث |
| 11:30 am | یسرنا القرآن |
| 12:00 pm | جلسہ سالانہ سپین سے حضور انور کا خطاب 3/اپریل 2010ء |
| 1:00 pm | ان سائیٹ |
| 1:30 pm | آئل پینٹنگ |
| 2:00 pm | مجلس سوال وجواب |
| 3:05 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:05 pm | سندھی سروس |
| 5:15 pm | تلاوت |
| 5:30 pm | یسرنا القرآن |
| 6:00 pm | رئیل ٹاک |
| 7:00 pm | بنگالی سروس |
| 8:15 pm | سپینش سروس |
| 9:00 pm | پریس پوائنٹ |
| 10:00 pm | فرنچ سروس |
| 10:30 pm | یسرنا القرآن |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:20 pm | جلسہ سالانہ سپین 2010ء |

اکسیر موٹاپا
موٹاپا دور کرنے کیلئے مفید دوا
کورس 3 ڈبیاں
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

کسی بھی معمولی یا پیچیدہ خطرناک آپریشن سے پہلے
الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
ہومیو فزیشن ڈاکٹر عبدالحمید صابر (ایم۔اے)
عمر مارکیٹ نزد اقصیٰ چوک ربوہ فون: 0344-7801578

پلاٹ برائے فروخت
الف۔ گورنمنٹ آفیسرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ
رائیونڈ روڈ لاہور ٹیلی فون: 042-37325362
1۔ پلاٹ نمبر B1102 رقبہ ایک کنال
2۔ پلاٹ نمبر B1103 ایک کنال
ب۔ یونیورسٹی ٹاؤن (ملت ٹاؤن) انجمن امداد باہمی
تعمیر مکانات زرعی یونیورسٹی فیصل آباد
1۔ پلاٹ نمبر 259 دس مرلہ
2۔ پلاٹ نمبر 394 ایک کنال
ریاض احمد ولد میاں احمد بخش صاحب
047-6211084

# STUDY IN GERMANY

www.erfolgteam.com

**The only German based firm in affiliation with the universities offers you study opportunity in Germany**

**With or Without German Language**

**Quick Package** for students with:

- **Intermediate** (Pre-Eng., Pre-Medical, General Science, Economics, Computer Science, Commerce, etc.)
- **Bachelor & Master** (B.Sc., B.C.S., B.Eng., B.Com., B.B.A. and other technical fields, etc.)
- **A-Level** (with 4 subjects, 1 language)

Best offer for **PHARMACY & MEDICAL** field students

Fresh candidates preferred

**ADMISSION IN JUST 2 WEEKS**

**EMBASSY APPEARANCE IN JUST 5 WEEKS**

**Consultancy +Admission + Embassy documentation + Interview preparation, Even after reaching Germany, pick up service from Airport till University**

**Please contact your ErfolgTeam Consultants in Germany**

Office Tel: +49 6150 8309820, Mob: +49 176 56433243, +49 1577 5635313

www.erfolgteam.com Email: info@erfolgteam.com Skype ID: erfolgteam

## ربوہ میں طلوع وغروب 8۔ مارچ

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:01 |
| طلوع آفتاب | 6:26 |
| زوال آفتاب | 12:20 |
| غروب آفتاب | 6:13 |

## خریداران الفضل وی پی وصول فرمائیں

دفتر روزنامہ الفضل کی طرف سے خریداری الفضل کا چندہ ختم ہونے پر بیرون ربوہ احباب کو وی پی پیکٹ بھجوایا جاتا ہے۔ اب جن خریداران الفضل کا چندہ ختم ہو چکا ہے ان کی خدمت میں بوجوہ خاکسار طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ دارالنصر غربی ربوہ کی طرف سے وی پی بھجوایا جا رہا ہے۔ مہربانی کر کے ادارہ کی طرف سے ارسال کردہ یہ پیکٹ وصول فرمائیں تاکہ رقم آپ کے کھاتہ میں درج کر کے اخبار الفضل جاری رکھا جا سکے۔ ادارہ کو منی آرڈر ارسال کرتے وقت بھی خیال رہے کہ منی آرڈر خاکسار کے نام ہو۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

بوتیک ہی بوتیک
اٹھوال فیبرکس
فینسی ورائٹی کا مرکز
ملک مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ
طالب دعا: الطاف احمد: 0333-7231544

سمیع سٹیل ٹریڈرز
مینوفیکچرز اینڈ جنرل آرڈر سپلائرز
اعلیٰ قسم کے لوہے کی چوکھاٹ کا مرکز
ڈیلرز: G.P_C.R.C_H.R.C شیٹ اینڈ کوائل

سٹار جیولرز
سونے کے زیورات کا مرکز
حسین مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ
طالب دعا: تنویر احمد
047-6211524
0336-7060580
starjewellers@ymail.com

FR-10